فوری ریلیز کے لیے: 11/8/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر ہوچول کی جانب سے بڑی شمالی ٹرانسمیشن لائن کی منظوری کا اعلان

نیویارک پاور اتھارٹی اور نیشنل گرڈ کا صاف توانائی کی فراہمی میں اضافے اور نیویارک کے آب و ہوا کے عملی اہداف کو آگے بڑھانے کے لیے سمارٹ پاتھ کنیکٹ منصوبہ

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیویارک کے پبلک سروس کمیشن نے نارتھ کنٹری میں ایک انتہائی اہم 100 میل لمبی ٹرانسمیشن لائن کی تعمیرِ نو کی منظوری دی ہے جس کی موسمیاتی قیادت اور علاقائی تحفظ کے ایکٹ کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے ضرورت ہے۔ منصوبہ، جو سمارٹ پاتھ کنیکٹ کے نام سے معروف ہے، نیویارک کے بجلی کی ترسیل کے نظام کی ریڑھ کی ہڈی میں بہتری کی نمائندگی کرتا ہے جو پوری ریاست میں بھروسہ مندی کو بہتر بنائے گا۔ یہ پہلے سے منظور شدہ سمارٹ پاتھ اور اے سی ٹرانسمیشن منصوبوں کی تکمیل کرے گا اور یہ اس رکاوٹ اور کٹوتیوں کو کم کرے گا جو فی الحال قابلِ تجدید پیداوار پر اثر انداز ہو رہی ہیں اور صارفین کے لیے فراہم کی جانے والی بجلی کے اخراجات کو کم کرے گا۔ سمارٹ پاتھ کنیکٹ منصوبہ موجودہ کٹوتیوں کو ختم کرے گا اور 447$ ملین ڈالر سے زیادہ کی رکاوٹی لاگت کی بچت فراہم کرے گا۔

گورنر Hochul نے کہا، "نیویارک کو ریاست بھر کے علاقوں میں بجلی کی فراہمی کے لیے سمارٹ پاتھ کنیکٹ جیسے منصوبوں کا استعمال کرتے ہوئے صاف توانائی کے انقلاب کی قیادت کرنے پر فخر ہے۔ جبکہ ہم اپنے آب و ہوا کے اہداف کو آگے بڑھانے اور مستقبل کی ملازمتیں پیدا کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں، یہ منصوبے نیویارک کے تمام شہریوں کو صاف توانائی فراہم کرنے کے لیے ریاست نیویارک کے بجلی کے ترسیلی نظام کی تعمیر کے لیے ہماری کوششوں کا ایک اہم جزو ہیں"۔

نارتھ کنٹری ٹرانسمیشن لائن نیویارک پاور اتھارٹی (NYPA, New York Power Authority) اور نیشنل گرڈ کی ملکیت ہے اور وہی اسے چلاتی ہے۔ یہ منصوبہ تقریباً 100 میل کی موجودہ 230 کلو وولٹ (کے وی) ٹرانسمیشن لائنوں کو 230 کلو وولٹ یا 345 کلو وولٹ تک کی تعمیرِ نو کے ساتھ ساتھ متعلقہ سب سٹیشن کی تعمیر اور کلنٹن، فرینکلن، سینٹ لارنس، لیوس اور اونیڈا کاؤنٹیوں کے موجودہ رائٹ آف وے کے ساتھ اپ گریڈ پر مشتمل ہے۔

اس منصوبے میں ان مکمل یا ان کے حصوں کی تعمیرِ نو شامل ہے: نیویارک پاور اتھارٹی کی Moses-Willis 1 اور 2 لائنیں، NYPA کی Willis-Patnode اور Willis-Ryan لائنز؛ اور نیشنل گرڈ کی Adirondack سے Porter تک لائن، موجودہ 230 کلو وولٹ کی ریکٹر روڈ تا چیسز لیک لائن 10 تک توسیع، نیز NYPA کے سمارٹ پاتھ (جسے Moses-Adirondack 1 اور 2 یا MA 1 اور 2 بھی کہا جاتا ہے) رائٹ آف وے کے ساتھ منسلک کرنا۔ شمالی نیویارک میں قابلِ تجدید توانائی کی ترقی کے امکانات کو حقیقت بنانے کے لیے اس منصوبے کی ضرورت ہے۔

پی ایس سی کے چیئرمین Rory M. Christian نے کہا، "جب سمارٹ پاتھ کنیکٹ منصوبہ اور اس جیسے دیگر منصوبے فعال ہو جائیں گے، وہ 345 کلو وولٹ کا ایک مسلسل ترسیلی نظام فراہم کریں گے جس سے شمالی اور مغربی نیویارک سے قابلِ تجدید بجلی کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ اپنے حصے میں، سمارٹ پاتھ کم کٹوتی کے ذریعے معاشی فوائد فراہم کرے گا۔ یہ بھروسہ مندی کو بہتر بنائے گا، برقی نظام کی معیشت اور بھروسہ مندی

کے مفادات کو پورا کرے گا، اور موسمیاتی ایکٹ کے تحت ریاست کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے ضروری قابلِ تجدید وسائل کے لیے ترسیل کی صلاحیت میں اضافہ کرے گا"۔

ریاستی سینیٹر Joseph A. Griffo نے کہا، "یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے توانائی کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کرتے رہیں اور اسے جدید بنائیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ شہریوں کو قابلِ اعتماد توانائی تک رسائی حاصل ہو۔ موجودہ رائٹ آف ویز کا استعمال علاقوں کے ذریعے ٹرانسمیشن لائنیں ڈالنے یا اس کی تجویز دینے سے بہتر متبادل ہے"۔

ریاستی سینیٹر Patty Ritchie نے کہا، "آپ کو روزمرہ زندگی میں بجلی کی اہمیت کا احساس اس وقت تک نہیں ہوتا جب تک کہ آپ کو بجلی کے عدم استحکام کا سامنا نہ ہو۔ نارتھ کنٹری میں 100 میل کی نئی ٹرانسمیشن لائن میں یہ سرمایہ کاری ہمارے عوام کے لیے ایک فرق لائے گی جن کے خاندان اور کاروبار، تقریباً ہم سب کی طرح، ہر روز سستی بجلی پر انحصار کرتے ہیں"۔

رکنِ اسمبلی Robert Smullen نے کہا، "چونکہ مہنگائی ہماری ریاست اور ہماری قوم پر بوجھ ڈالنا جاری رکھے ہوئے ہے، یہ بہت ضروری ہے کہ ہمارے خاندانوں کو اپنے گھروں اور کاروبار کے لیے قابلِ اعتماد اور سستی بجلی تک رسائی ملے۔ نیویارک کی ٹرانسمیشن لائنیں ہمارے توانائی کے شعبے کی ریڑھ کی ہڈیوں میں سے ایک ہیں اور مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ موہاک ویلی اور نارتھ کنٹری کے خاندانوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے ہمارے بجلی کی ترسیل کے نظام میں خاطر خواہ سرمایہ کاری کی جا رہی ہے"۔

نیویارک بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید توانائی کے نئے منصوبوں کو ریاست کی توانائی کی فراہمی میں ضم کرنے کے لیے ریاست کے موجودہ ترسیلی اور تقسیم کاری نظام میں اہم اصلاحات اور اضافہ کر رہا ہے۔ آج منظور کردہ منصوبے ریاست کے لیے ماحولیاتی ایکٹ کے اہم فوائد حاصل کرنے کا ایک اہم موقع فراہم کرتے ہیں۔

سمارٹ پاتھ کنیکٹ منصوبے کو منظور کرنے کے علاوہ، پی ایس سی نے الگ سے، لیکن متعلقہ، کارروائیوں کا فیصلہ کیا ہے:

- **کینسٹیو ونڈ ٹرانسمیشن:** کینسٹیو، جیسپر اور ہارنلسولے،سٹیوبن کنٹری کے قصبوں میں 14.6 میل، ٹرانسمیشن لائن کی تعمیر کی منظوری دی گئی، جو 290.7-میگاواٹ (ایم ڈبلیو) کینسٹیو ونڈ فارم کو الیکٹرک گرڈ سے منسلک کرے گی۔ کینسٹیو ریاست نیویارک کے سب سے بڑے ونڈ فارموں میں سے ایک ہے۔ کینسٹیو ونڈ فارم کو ریاست کے برقی گرڈ سے جوڑنے اور اس طرح ماحولیاتی ایکٹ میں بیان کردہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کے مقاصد کو آگے بڑھانے کے لیے برقی نظام کو قابل تجدید توانائی فراہم کرنے کے لیے ترسیلی منصوبے کی ضرورت ہے۔

- **وسطی ہڈسن:** سینٹرل ہڈسن گیس اینڈ الیکٹرک کارپوریشن کی ٹرانسمیشن لائن کی تعمیر کی منظوری دی گئی ہے جو H&SB منصوبے کے نام سے معروف ہے، جس میں کنگسٹن شہر میں 23.6 میل طویل ٹرانسمیشن لائنوں اور السٹر کاؤنٹی کے ٹاؤنز آف السٹر اینڈ ساگرٹیز، اور ٹاؤنز آف کیٹسکل اور ویلیج آف کیٹسکل کو دوبارہ تعمیر کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ تعمیر نو سے مقامی علاقوں کی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے، پرانے بنیادی ڈھانچے کے مسئلے کو حل کرنے اور برقی خدمات کی بھروسہ مندی کو بڑھانے میں مدد ملے گی۔

- **ساؤنڈ کیبل:** اپنی ساؤنڈ کیبل ٹرانسمیشن لائن کے لیے اپنے منصوبوں میں ترمیم کرنے کے لیے NYPA کی درخواست کو منظور کیا گیا، ایک موجودہ 26 میل کی زیرِ سمندر ٹرانسمیشن کیبل جو نیو یارک کی کنسولیڈیٹیڈ ایڈیسن کمپنی، انکارپوریٹڈ 345 کلو وولٹ اسپرین بروک سب سٹیشن، جو ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی

میں واقع ہے، کو لانگ آئی لینڈ پاور اتھارٹی ایسٹ گارڈن سٹی سب سٹیشن، جو ناساؤ کاؤنٹی میں واقع ہے، سے جوڑتی ہے۔ اس منظوری سے ساؤنڈ کیبل پروجیکٹ کی بھروسہ مندی میں اضافہ ہو گا۔ مزید برآں، NYPA ناساؤ کاؤنٹی میں آٹھ نئے زیر زمین یوٹیلیٹی گنبد نصب کرے گا اور ناساؤ اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹیوں میں ساؤنڈ کیبل منصوبے کے بالائی حصے پر فائبر آپٹک کمیونیکیشن کیبلز کو تبدیل کرے گا۔

نیو یارک اسٹیٹ کا قوم میں سب سے پہلا ماحولیاتی منصوبہ

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418